22838 ـ رمضان میں کسی اجنبی لڑکی کا بوسہ لینے والے کا حکم

سوال

رمضان المبارک میں کسی اجنبی لڑکی کا بوسہ لینے کا حکم کیا ہے ، آیا اس پر روزے کی قضا کرنی واجب ہے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

جس شخص نے اجنبی عورت کا رمضان المبارک میں بوسہ لیا اس نے بلاشک روزے کی حکمت پوری نہیں کی کیونکہ اس شخص نے ایک غلط کام کیا ہے ، اوررسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(جوکوئی بھی غلط باتیں اوراس پر عمل کرنا نہیں چھوڑتا اورجہالت سے باز نہیں آتا تواللہ تعالی کو اس کی کوئي ضرورت نہیں کہ وہ اپنا کھانا پینا چھوڑے) ۔

تواگراس نے لڑکی کواس پرمجبور کیا تویہ اس کے حق میں فعل زور اورغلط کام اورجہالت ہے ، اس لیے حقیقتا اس کا روزہ اپنی حکمت کھوبیٹھا ہے اورناقص الاجر ہے ، لیکن جمہور علماء کرام کے ہاں اس کا روزہ فاسد نہیں ہوا ، اس کا معنی یہ ہوا کہ ہم اس پر اس روزہ کی قضاء لازم نہیں کرتے ۔ .